© rasailojaraid.com

پاکستان میں سوشلزم اور اس کے اثرات تالیف: محمد نواز ایم-اے- شائع کردہ: فرینڈز پبلیکیشنز حسین آگاہی ملتان- صفحات ۸۸- قیمت ۸۰ پیسے-

زیر تبصرہ کتابچہ مختصر ہونے کے باوجود بڑا جامع اور پُر از معلومات ہے- اگر کوئی شخص پاکستان میں اشتراکی ریشہ دوانیوں کو سمجھنے کا خواہشمند ہو تو وہ اس ایک رسالے کے مطالعہ سے انہیں بخوبی سمجھ سکتا ہے- اس رسالے کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے-

---

چینی آمریت تالیف وانگ منگ- شائع کردہ: فرینڈز پبلیکیشنز ملتان- صفحات ۳۰- قیمت ۴۰ پیسے-

یہ مختصر سا کتابچہ کسی اشتراکیت کے دشمن کی تصنیف نہیں بلکہ اُس شخص کی تصنیف ہے جو سالہا سال تک چینی کمیونسٹ پارٹی کا ایک نہایت قابلِ اعتماد کارکن ہونے کی حیثیت سے کئی اونچے عہدوں پر فائز رہا- ماؤ نے چین میں ثقافتی انقلاب کے پردے میں جس طرح عوام پر اپنی گرفت مضبوط کی اور اختلاف رکھنے والوں پر عرصۂ حیات تنگ کیا یہ اس کی المناک بلکہ وحشت ناک سرگزشت ہے- اس کے پڑھنے سے اشتراکیت کے آمرانہ مزاج کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے

---

تفہیم القرآن کے دخنا، البقرہ، المائدہ، یوسف، النور اور الاحزاب کے بعد اسلامیات کے طالب علموں کی سہولت کی خاطر

# تفسیر سورۂ حُجُرات

بھی علیحدہ کتابی صورت میں شائع کی جارہی ہے- ضخامت: ۵۶ صفحات- سائز ۲۳×۳۶/۸
کاغذ: سفید- قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے-

ادارۂ ترجمان القرآن ۵- الف ذیلدار پارک لاہور سے طلب فرمائیے

© rasailojaraid.com